**22/01/2026**

**07.40 PM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبر نامہ لے کر مینشبیر الزماں**

**پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔**

**ہیڈ لائینز**

***........ ڈوڈہ میں المناک سڑک حادثہ// دس فوجی اہلکار از جان ۔کئی دیگر زخمی ۔**

***........ ڈوڈہ حادثے پر لیفٹننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ کے علاوہ دیگر کئی شخصیات کا اظہا رافسوس// زخمی اہلکار اسپتال میں زیر علاج۔**

***........ وزیر اعلیٰ کی صدارت میں کا بینہ کی میٹنگ منعقد// بجٹ سے پہلے مشاورت کے اجلاس بھی مکمل۔**

***........ پولیس سر براہ کا جنوبی کشمیر کادورہ// سلامتی منظر نامے اور دہشت گردی مخالف اقدامات کا لیا تفصیلی جائزہ۔**

**<u>حادثہ</u>**

**ڈوڈہ میں آج ایک فوجی گاڑی کو حادثہ پیش آیا جس کے نتیجے میں 10فوجی جوان از جان ہو گئے۔**

**بتایا جاتا ہے کہ یہ گاڑی فوجی اہلکاروں کو لیکر فوج کے ایک بالائی پوسٹ کی جانب جار رہی تھی تاہم بھدر واہ۔چھمب روڈ پر یہ گاڑی کھانی ٹاپ کے نزدیک ڈرائیور کے قابو سے باہر ہو کر 2سو فٹ گہری کھائی میں جا گری ۔**

**اس حادثے میں کچھ فوجی اہلکار زخمی بھی ہوئے ہیں۔ حادثے کے بارے میں ڈپٹی کمشنر ڈوڈہ ہر ویندر سنگھ نے بتایا۔**

**<u>ایل جی دکھ</u>**

**اسی دوران لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اس حادثے میں 10فوجی جوانون کے از جان ہونے پر سخت افسوس کا اظہا رکیاہے۔**

**ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا ہے کہ پوری قوم سوگوار کنبوں کے غم میں شریک ہے ۔انہوں نے کہا ہے کہ زخمی فوجی جوانوں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے اسپتال پہنچایا گیا ہے ۔**

**عمر دکھ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس حادثے پر گہرے صدمے کا اظہا رکرتے ہوئے از جان ہوئے فوجی جوانوں کے اہل خانہ کےساتھ تعزیت ظاہر کی ہے ۔**

**انہوننے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی ہے ۔**

**ڈوڈہ افسوس**

**بی جے پی جمونو کشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما، اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول، پارٹی کے دیگر لیڈروں، جموں JDUصدر اور سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی ،پی ڈی ایف صدر حکیم محمد یا سین، PDP کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بھی ڈوڈہ میں پیش آئے حادثے پر افسوس کا اظہا رکرتے ہوئے اس حادثے میں انسانی جانوں کے زیاں پر سخت افسوس کااظہا رکیاہے۔**

**کابینہ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی صدارت میں آج جموں میں کابینہ کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران عوامی نوعیت اور انتظامی اہمیت کے کئی معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔**

**اس دوران وزیر اعلیٰ کی صدارت مینمنعقد ہوئی بجٹ سے پہلے کی میٹنگس مکمل ہو گئی ہیں۔ ان میٹنگوں کے آخری روز آج محکمہ جل شکتی، زراعت، دیہی ترقی ، جنگلات، فوڈ اینڈ سیول سپلائز، یوتھ سروسز اینڈ سپورٹس اور دیگر کئی اہم سیکٹروں کی ترجیحات اور ترقیاتی منصوبوں کو حتمی شکل دی گئی۔**

**میٹنگ میں نائب وزیر اعلیٰ اور کا بینہ وزراءکے علاوہ متعلقہ محکموں کے سر براہان بھی موجود تھے۔**

**CM**

**دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جانکاری دی ہے کہ شری ماتا ویشنو دیوی میڈیکل کالج کے MBBS طلباءکے لئے نئے کالج الاٹ کرنے کا معاملہ حل کیا گیا ہے ۔**

**جموں کشمیر بورڈ آف پروفیشنل انٹرنس Examination نے اس تعلق سے کاونسلنگ شیڈول جاری کیا ہے اور اب یہ طلباءاپنی تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں ۔**

**<u>جتندر سنگھ</u>**

سائنس و ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے جموں صوبے کے ادھمپور ضلع میں دودھ سے تیار کی جانے والی ”کلاڑی“ کے کاروبار کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا ہے ۔

ٹیگ مل چکا ہے -GI یہ بات قابل ذکر ہے کہ ادھمپور کی کلاڑی کو پہلے ہی

**<u>ستیش شرما</u>**

اسی دوران انفارمیشن ٹیکنالوجی کے وزیر ستیش شرما نے نئی دلی میں سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ کے ساتھ ملاقات کی اور جموں کشمیر سے جُڑے متعدد ترقیاتی معاملات پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ۔

وزیر موصوف نے جموں کشمیر میں تمام سیکٹروں کی ترقی کو دوام بخشنے کے لئے زیادہ سے زیادہ مرکزی تعاون پر زور دیا ۔

**<u>چیف سیکریٹری</u>**

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے مختلف سڑکیں تعمیر کرنے والی ایجنسیوں کو روڈ سیفٹی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کی ہدایت دی ہے ۔

آج جمونمیں ایک میٹنگ کے دوران جموں کشمیر میں روڈ سیفٹی کویقینی بنانے کیلئے کئے جا رہے اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے انہوں نے عدالت عظمیٰ کی سفارشات کی عمل آوری کا بھی جائزہ لیا ۔

**<u>DGP</u>**

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلن پربھات نے جنوبی کشمیر کے اننت ناگ، کولگام، پلوامہ اور اونتی پورہ کا الگ الگ دورہ کر کے وہاں مجموعی سکیورٹی منظر نامے اور دہشت گردی مخالف ایس جے ایم Coordination اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا ۔ ان کے ہمراہ سپیشل ڈی جی پی جاوید اقبال متو بھی تھے۔ DIG کشمیر وی کے بردی اورجنوبی کشمیر رینج کے IGPگیلانی ،

انہوں نے یوم جمہوریہ کی تقریبات احسن طریقے پر منعقد کرانے کے لئے بھی تمام انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت دی ۔

**<u>کشمیر پولیس</u>**

پولیس مقصود الزماں نے آج ڈسڑکٹ پولیس لائنز بارہمولہ میں ایک DIG اُدھرشمالی کشمیر کے میٹنگ کے دوران یوم جمہوریہ کے سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا۔

اس دوران پولیس نے یوم جمہوریہ کے احسن انعقاد کو یقینی بنانے کےلئے سرینگر شہر میں بھی سکیورٹی مزید سخت کر دی ہے۔

منشیات کے خلاف اپنی کارروائی جا ری رکھتے ہوئے پولیس نے پلوامہ میں امتیاز احمد ژاٹھ نامی ایک ڈرگ سمگلر کو گرفتار کیا ہے۔

__ڈویژنل کمشنر__

ڈویژنل کمشنر کشمیر انشل گرگ نے آج بخشی اسٹیڈیم سرینگر کا دورہ کر کے وہاں یوم جمہوریہ کی تقریبات کے انعقاد کےلئے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔

محکمہ

---

موسمیات کی پیشگوئی کے مد نظر ڈویژنل کمشنر نے سٹینڈس کے اُوپر واٹر غ نصب کرنے کی ہدایت دی۔ انہوننے برفباری کی صورت میں اسٹیڈیم گراؤنڈ کو Canopiesپروف صاف کرنے کےلئے مشینری اور افرادِ قوت کو بھی تیاری کی حالت میں رکھنے کےلئے کہا۔

__ایل جی__

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ تریپورہ ، منی پور اور میگھالیہ کی ثقافتی گو ناگونیت اور ورثہ اس خطے میں اقتصادی ترقی اور اختراعیت کو فروغ دینے میں ایک اہم رول ادا کرتا ہے ۔

لوک بھون جموں میں کل ان ریاستوں کے سٹیٹ ہُڈ ڈے کے سلسلے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا۔

__ہیلی کاپٹر__

ڈویژنل کمشنر کشمیرانشل گرگ کی جانب سے جاری ایک حکمنامے کے مطابق وادی کے بانڈی پورہ اور کپواڑہ کے دوردراز علاقونکیلئے رعایتی کرایوں پر ہیلی کاپٹرسروس شروع کی گئی ہے ۔

اس ضمن میں بُکنگس کی جانکاری کیلئے ڈویژنل کمشنر کشمیر کے دفتر میں اسسٹنٹ کمشنر محمد OSD سینٹر ل سید فاروق احمد سے فون نمبر7006776586 اور ڈویژنل کمشنر کے حسین کے ساتھ فون نمبر 9682330800پررابطہ کیا جاسکتا ہے۔

اس کے علاوہ ڈویژنل کنڑول روم کے فون نمبر 0194-2740003پر بھی جانکاری حاصل کی جا سکتی ہے ۔

**<u>فاروق عبداللہ</u>**

**نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ کثرت میں وحدت بھارت کی یکجہتی کی بنیاد ہے۔**

**نوشہرہ راجوری میں شوبھا یاترا کے سلسلے میں منعقدہ ایک عوامی اجتماع سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ لوگوں کو ایسے عناصر سے خبر دار رہنا چاہئے ، جو مذہب کی بنیاد پر عوام کو تقسیم کرنے کی کوشش کر تے ہیں۔**

**<u>NC</u>**

**نیشنل کانفرنس خواتین وِنگ کی صدر شمیم فردوس نے آج شالہ کدل سرینگر میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران گنپت یار، کرفلی محلہ، دُکان سنگین اور نر پرستان میں آگ سے متاثر ہوئے30 کنبوں میں مجموعی طور17لاکھ 75ہزار روپے کے امدادی چیک تقسیم کئے۔**

**اس دوران پارٹی کے سینئر لیڈر مبارک گل نے آج سیمنٹ کدل سرینگر کا دورہ کر کے وہاں جہانگیر محلہ میں آگ سے متاثرہ کنبوں کی ڈھارس بندھائی۔**

**<u>ہانجورہ</u>**

**PDP کے سینئر لیڈر غلام نبی لون ہانجورہ نے چاڈورہ میں دودھ گنگا نالے پر عارضی پل کی تعمیر میں تاخیر پر سخت ناراضگی کا اظہا رکیا ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ مقامی ممبر اسمبلی اور ضلع انتظامیہ کی یقین دہانیوں کے باوجود یہ پروجیکٹ ابھی تک مکمل نہیں ہوا ہے جس کے نتیجے میں کئی علاقوں کے لوگونکو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔**

**اس دوران پارٹی کے ترجمان سید تجمل نے جے اینڈ کے جوڈیشل سروس امتحانات کے نتائج پر سوال کھڑا کرتے ہوئے اسکی آزادانہ تحقیقات کرانے کا مطالبہ کیا ہے۔**

**<u>BJP</u>**

**بی جے پی جمونو کشمیر کے سینئر لیڈر وبود گپتا نے الزام عائد کیا ہے کہ نیشنل کانفرنس، جموں صوبے کے بارے میں غیر سنجیدہ بیانات دے رہی ہے۔ وبود گپتا نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کو ایسا بیان دینے پر لوگوں سے معافی مانگنی چاہئے۔**

**پارٹی کے سینئر لیڈر چودھری سکھ نندن کمار نے Change of Land use سے متعلق ڈویژنل کمشنر جموں کے دفتر سے جاری سفارشات کو فوری طور عملانے کا مطالبہ کیا ہے۔**

## بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں ۔ Radiokashmir@gmail.com

## پرگتی

Pro-Active Governance and timely Impliementation وزیر اعظم کی پہل پرگتی یعنی کی جمونو کشمیر میں عمل آوری اور اب تک کے نتائج پر مبنی آکاشوانی نیوز سرینگر کا تیار کر دہ خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے8بجے نشر ہو گا۔

پروگرام میں اکنامک ٹائمز کے جمونو کشمیر اور لداخ کے سینئر اسسٹنٹ ایڈیٹر حکیم عرفان اس موضوع پر بات کریں گے اور ان کے ساتھ ہمکلام ہونگے شعبہ خبر کے سر براہ طارق راتھر۔

## معراج النبی

معراج النبی ﷺ کے بعد جمعہ کے سلسلے میں کل پورے جمونوکشمیر میں دینی اجتماعات منعقد ہو رہے ہیں۔ سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرت بل میں منعقد ہو گا ، جہاں کل نماز پنجگانہ کے بعد موئے مقدس آنحضور ﷺ کی زیارت کرائی جائے گی۔

اس دوران حضرت امام حسین ؑ اور امام ابو حنیفہ ؒ کی ولادت با سعادت کے سلسلے میں ماہ شعبان کی4تاریخ یعنی سنیچر وار کو وادی بھر میں دینی اجتماعات منعقد ہونگے۔

## سکمز

AIشیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ میں منعقد ہونے والے انڈیا Impact سمٹ2026 کے سلسلے میں آج ایک پری سمٹ منعقد ہوا ۔ہمارے نمائندے نور العین عشرت کے مطابق سمٹ سے نیتی آیوگ کے ممبر پروفیسر وی کے پال نے آ ن لائن موڈ کے ذریعے خطاب کرتے ہوئے کہاکہ مصنوعی ذہانت سے طبی شعبے میں فوری نوعیت کے فیصلے لینے میں مدد مل سکتی ہے۔

افتتاحی اجلاس سے خطاب کرنے کے بعد آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے سکمز کے ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے طبی شعبے پر پڑنے والے مصنوعی ذہانت کے اثرات کو اجا گر کیا۔

Digambar نیشنل اکیڈمی آف میڈیکل سائنسز کے صدر پدم شری ایوارڈ یافتہ پروفیسر آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔Behera

اس اجلاس میں شرکت کرنے کے بعد انفارمیشن ٹیکنالوجی محکمے کے سیکریٹری ڈاکٹر پیوش سنگلا نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے بھی اس پری سمٹ میں شرکت کی ۔آکاشوا نی نیوز سرینگر ...........Labroo.......کے ساتھ بات انہوں نے کہا۔

سمٹ سے کشمیریونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے بھی خطاب کیا۔

## کالجز

جموںو کشمیر کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شیخ اعجاز بشیر نے اعلیٰ تعلیمی نظام میں مزید بہتری لانے کےلئے ادارہ جا تی ہم آہنگی، تعلیمی نظم و ضبط اور نتائج پر مبنی انتظامیہ کو کامیابی کا بنیادی ستون قرار دیا ہے۔

وہ ڈگری کالج بارہمولہ میں کشمیر صوبے کے تمام ڈگری کالجوں کے پرنسپل صاحبان کی ایک میٹنگ کی صدار ت کے دوران اظہار خیال کر رہے تھے۔ اس موقعے پر میزبان کالج کے پرنسپل پروفیسر محمد شفیع لون نے مہمانوں کا رسمی استقبال کیا۔

## زبیر سلیم

برفباری کے دوران جہا ں عام لوگوں کوچلنے پھرنے میں مشکل در پیش رہتی ہے وہیں ماہرین صحت کا ماننا ہے کہ بزرگوں کو برف پڑنے کی صورت میں چلنے پھرنے کے دوران خاص احتیاط برتنی چاہئے۔

اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

## جموں پولیس

منشیات کے کاروبار کے خلاف اپنی کارروائی جا ری رکھتے ہوئے راجوری پولیس نے ایک فرار ڈرگ سمگلر معشوق احمد ملک کی اہلیہ کے نام پر درج کشمیر صوبے کے اننت ناگ میں واقع16لاکھ73ہزار روپے مالیت کی جائیداد اٹیچ کی ہے۔

اس دوران پولیس نے ادھمپور میں ایک تلاشی کارروائی کے دوران سرینگر کے رہنے والے ثاقب حمید ڈار اور فیصل لطیف راتھر نامی 2افراد کو گرفتار کیا۔ ان کے قبضے سے نشیلی اشیاءکی کچھ مقدار بر آمد کی گئی ہے۔

**<u>بیٹی بچاؤ مہم</u>**

**بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ مہم کے11سال مکمل ہو گئے ہیں۔ اس موقعے پروزیر اعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ بھارت میں بیٹیوں کو لکشمی کا درجہ دیاجاتا ہے اور سرکار نے انہیں ہر شعبے میں با اختیار بنانے کیلئے مناسب اقدامات کئے ہیں۔**

**<u>موسم</u>**

**محکمہ موسمیات کے مطابق اگلے24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پرہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا برفباری کا امکان ہے ۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت7اعشاریہ5 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی3اعشاریہ4 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت20اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت7اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح7بجکر33منٹ اور**

**غروب آفتاب شام5 بجکر51منٹ پر ہو گا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر**

**کشمیری زبان میں نشر ہو گا ۔**

**خدا حافظ**

**.......................................**

**...................**

**...........**